خلاصہ تراویح

بچوں اور بڑوں سب ہی کے لیے

پارہ 22

اپریل 2022



از: ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی

صدارتی ایوارڈ یافتہ ادیب ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی کی بچوں کے لیے لکھی گئی دلچسپ کہانیاں،

منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے 03082462723* فہیم بھائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہاں بھئی سعد! آج 22 واں پارہ شروع ہو رہا ہے کیا آپ نے آج اس پارے سے کچھ علم کے موتی چنے؟ مما جانی نے پوچھا۔

جی مما جانی! الحمد للہ! اللہ تعالیٰ کا یہ احسان کہ اس نے قرآن کو سمجھ کر پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی۔۔۔بائیسویں پارے میں سے میں نے درج ذیل موتی چنے۔

ازواج مطہرات کا مقام و مرتبہ: ازواج مطہرات کے مقام و مرتبے اور درج ذیل احکام کا تذکرہ کیا گیا۔ ساتھ ہی یہ احکام ازواجِ مطہرت کا وسیلے سے امت کی تمام خواتین کے لیے بھی ہدایت ہیں۔

1. اے نبی کی بیبیو تم اَور عورتوں کی طرح نہیں ہو
2. اگر اللہ سے ڈرو تو بات میں ایسی نرمی نہ کرو کہ دل کا روگی کچھ لالچ کرے ہاں اچھی بات کہو
3. اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو
4. اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی
5. اور نماز قائم رکھو
6. اور زکوٰۃ دو
7. اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانو

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دُور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔

نسبت پر بھروسہ کرکے نماز نہ پڑھنے اور زکوٰۃ نہ دینے والوں کو نصیحت:

یہاں اَزواجِ مُطَہَّرات رَضِیَ اللہ تَعَالیٰ عَنْھُنَّ کو حکم دیا گیا کہ نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ کسی کو یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالیٰ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی قرابت کے باعث اگر کوئی نماز اور زکوٰۃ کا تارک ہو گا تو اس سے کسی قسم کی پوچھ نہیں ہو گی۔ اس سے ان لوگوں کو عبرت حاصل کرنی چاہیے کہ جو نماز نہیں پڑھتے، روزے بھی نہیں رکھتے اور فرض ہونے کے باوجود زکوٰۃ بھی نہیں دیتے اور انہیں جب عمل کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو نسبت کا بہانہ بنا دیتے ہیں کہ ہماری نسبت اچھوں کے ساتھ ہے اس لئے اگر ہم ان احکام پر عمل نہ کریں تو بھی ہمارا بیڑہ پارہ ہے (صراط الجنان)

مرد و عورت کے مراتب: اللہ تعالیٰ نے مومن مرد عورت جن میں درج بالا صفات ہوں گی ان سے اجر و مغفرت کا وعدہ کیا ہے۔

1. اللہ تعالیٰ کے احکام کی اطاعت کرنے والے مرد عورت
2. اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی تصدیق کرنے والے،
3. ضروریاتِ دین کو ماننے والے مرد و عورت
4. عبادت کرنے والے مرد و عورت
5. نیت، قول اور فعل میں سچے مرد و عورت
6. اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اطاعت کرتے رہے برائی سے بچتے رہے اور مصیبتوں میں صبر کرتے رہے شکایت نہیں کی۔

7. عاجزی واِنکساری کرنے والے مرد عورت

8. اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقات دینے والے مرد عورت

9. فرض و نفل روزے رکھنے والے مرد و عورت

10. خیرات کرنے والے مرد و عورت

اللہ ورسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے حکم کی اہمیت: اللہ ورسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے حکم کی اہمیت کے حوالے سے قرآن نے واضح بیان فرمادیا۔ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا (۳۶) اور کسی مسلمان مرد نہ مسلمان عورت کو پہنچتا ہے کہ جب اللہ ورسول کچھ حکم فرمادیں تو اُنہیں اپنے معاملہ کا کچھ اختیار رہے اور جو حکم نہ مانے اللہ اور اس کے رسول کا وہ بے شک صریح گمراہی میں ہے۔

نکاح رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم: زمانہ جاہلیت میں منہ بولے بیٹے کو وہ تمام حقوق حاصل ہوتے تھے جو حقیقی بیٹے کو حاصل ہوتے اسے جائیداد میں سے بھی حصہ ملتا پھر نامحرم و محرم کا معاملہ الگ کئی معاشرتی مسائل کو جنم دیتا تھا اللہ کے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تو مصلح اعظم ہیں اگر اس غلط رسم وریت کی تردید آپ نہ فرماتے تو کون کرتا، زید بن حارثہ اللہ کے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے منہ بولے بیٹے تھے آپ کی پھوپھی زاد بہن حضرت زینب کا ان سے نکاح ہوا لیکن ان کے درمیان نباہ نہ ہو سکا اور طلاق ہو گئی تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے حضرت زینب سے نکاح کرلیا۔

ختمِ نبوت: واضح طور پر اعلان فرمادیا گیا ''محمد تمہارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے آخر میں تشریف لانے والے ہیں''

اللہ کا ذکر: اے ایمان والو اللہ کو بہت یاد کرو اور صبح وشام اس کی پاکی بولو

نبی کریم ﷺ کی شان: نبی کریم ﷺ کی شان بیان کرتے ہوئے فرمایا: یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِیْرًا(۴۵) اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا وَّ دَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِیْرًا(۴۶) اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب۔

مومنوں کو خوشخبری دیجیے: آپ ﷺ سے فرمایا: کہ آپ مومنوں کو اللہ کی طرف سے بہت بڑے انعام کی خوشخبری دیجیے اور کافروں اور منافقوں کے دباؤ کو قبول نہ کیجیے ان کی ایذاء پر درگزر کرو اور اللہ پر بھروسہ رکھو وہ بہترین کارساز ہے۔

نکاح، طلاق اور پردہ: اس کے بعد نکاح، طلاق، عدت اور پردے کے احکامات بیان ہوئے ہیں، اور امانت و قیامت کا ذکر ہے۔

دربارِ رسالت کے آداب کی تعلیم: اللہ تعالیٰ نے یہاں رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کی تعلیم دی ''اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں نہ حاضر ہو جب تک اجازت نہ ہو جیسے کھانے کیلئے بلایا جائے۔ یوں نہیں کہ خود ہی اس کے پکنے کا انتظار کرتے رہو۔ ہاں جب تمہیں بلایا جائے تو داخل ہو جاؤ پھر جب کھانا کھالو تو چلے جاؤ اور یہ نہ ہو کہ باتوں سے دل بہلاتے ہوئے بیٹھے رہو۔ بیشک یہ بات نبی کو ایذا دیتی تھی تو وہ تمہارا لحاظ

فرماتے تھے اور اللہ حق فرمانے میں شرماتا نہیں اور جب تم نبی کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر سے مانگو۔ تمہارے دلوں اور ان کے دلوں کیلئے یہ زیادہ پاکیزگی کی بات ہے اور تمہارے لئے ہر گز جائز نہیں کہ رسول اللہ کو ایذا دو اور نہ یہ جائز ہے کہ ان کے بعد کبھی ان کی بیویوں سے نکاح کرو۔ بیشک یہ اللہ کے نزدیک بڑی سخت بات ہے۔ اگر تم کوئی بات ظاہر کرو یا چھپاؤ تو بیشک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

درود و سلام: اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓىِٕكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (۵۶) بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو

اللہ ورسول کو ایذاء دینے والوں پر لعنت: بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ نے اُن کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے

مومنین کو ستانے والے: اور جو ایمان والے مردوں اور عورتوں کو بے کئے ستاتے ہیں انہوں نے بہتان اور کھلا گناہ اپنے سر لیا

پردے کا حکم: اے نبی اپنی بیبیوں اور صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرمادو کہ اپنی چادروں کا ایک حصہ اپنے منہ پر ڈالے رہیں یہ اس سے نزدیک تر ہے کہ ان کی پہچان ہو تو ستائی نہ جائیں اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

کافروں کی پکار: ان کافروں کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا اور یہ وہاں پکاریں گے کہ کاش ہم نے کسی طرح اللہ کا حکم مانا ہوتا اور رسول کا حکم مانا ہوتا

سیدھی بات کہو: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا(۷۰) اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو۔۔۔۔اس کے نتیجے میں کیا ہوگا؟

یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْؕ وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا(۷۱) تمہارے اعمال تمہارے لیے سنوار دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا اور جو اللہ اور اس کے رسول کی فرمان برداری کرے اس نے بڑی کامیابی پائی

بالکل ہمیں اپنے قول کی پاسداری کرنی چاہیے اور پختہ بات ہی کرنی چاہیے شاباش سعد! ماشاء اللہ یہ رمضان تم نے واقعی بہت اچھا گزارا ہے۔۔۔

جی مماجانی! بس یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے اب سورہ سبا شروع ہو رہی ہے، سبا عرب کے علاقے یمن کی حدود میں واقع ایک قبیلے کا نام ہے اس سورت کی آیت نمبر 15 سے قومِ سبا کا واقعہ بیان کیا گیا ہے، اس مناسبت سے اسے ''سورۂ سبا'' کہتے ہیں۔

- اس سورت میں حضرت داؤد، حضرت سلیمان عَلَیْہِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام اور سبا والوں پر اللہ تعالیٰ نے جو انعامات کئے وہ بیان کئے گئے ہیں۔
- اللہ تعالیٰ کے وجود اور اس کی وحدانیّت پر دلائل دیئے گئے اور مشرکین کے شُبہات کا اِزالہ کیا گیا ہے۔
- رسولِ اکرم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی رسالت کے عموم کو بیان کیا گیا اور یہ بتایا گیا کہ ہر زمانے میں مالدار کافروں نے ہی اپنے انبیاءِ کرام عَلَیْہِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کو جھٹلایا۔
- قوم سبا کو ان کی ناشکری کے سبب ان کو تباہ کر دیا گیا۔
- مشرکین کا قرآن کو انسانی کلام کہنے کا رد کیا گیا۔

- آخر میں کفار کو غور و فکر کرنے اور انہیں قیامت قائم ہونے سے پہلے پہلے اللہ تعالیٰ کی وحدانیّت، نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی نبوت اور قرآن پر ایمان لانے کی دعوت دی گئی ہے۔

سورہ فاطر کا آغاز: فاطر کے معنی ہیں بنانے والا۔

- کفارِ مکہ کے جھٹلانے پر حضور پُر نور صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو تسلی دی گئی ہے۔
- شیطان کے فریب اور دھوکہ دہی سے بچنے کا حکم دیا اور یہ بتایا گیا کہ شیطان تمہارا دشمن ہے تم بھی اسے دشمن سمجھو۔
- اللہ تعالیٰ کی قدرت کے آثار بیان کئے گئے ہیں۔
- جو گناہوں سے بچا اور نیک اعمال کئے تو اس نے اپنے بھلے کے لئے ہی ایسا کیا ہے۔
- کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔
- حضورِ اَقدس صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی امت کے لوگوں کے مختلف مَراتِب اور درجات بیان کئے گئے ہیں۔
- جنت میں مسلمانوں کا حال اور جہنم میں کافروں کا حال بیان کیا گیا ہے۔
- جو کفر کرے گا تو اس میں اس کا اپنا ہی نقصان ہے۔
- ایک مقررہ وقت تک مہلت ہے۔

مما جانی! اب یہاں سے سورہ یس کا آغاز ہو رہا ہے۔۔۔اس پارے میں سورہ یس کی 21 آیات شامل ہیں۔

قرآن کی قسم: اپنے محبوب صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو تسلی دیتے ہوئے اور کفار کا رد کرتے ہوئے قسم

کے ساتھ فرمایا: یٰسٓ ۔ حکمت والے قرآن کی قسم۔ بیشک تم رسولوں میں سے ہو

ہدایت اور مغفرت: کافروں کو ان کے برے انجام سے خبردار کردیں اور اللہ سے ڈرنے والے مومنوں کو مغفرت اور بڑے اجر کی خوشخبری سنادیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔ خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آج ہم نے کیا سیکھا؟

1. مسلمان عورتوں کو ازواج مطہرات کے وسیلے سے تعلیم دی گئی
2. اللہ سے ڈرنا چاہیے
3. نامحرم سے نرمی سے بات نہ کیجیے
4. گھروں میں رہنا چاہیے بلاضرورت باہر نہیں نکلنا چاہیے
5. پردے میں رہنا چاہیے
6. نماز قائم کرنا چاہیے
7. زکوٰۃ دینا چاہیے
8. اللہ تعالیٰ کا اور اس کے رسول ﷺ کا حکم ماننا لازمی ہے
9. اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنا چاہیے اور مصائب پر صبر کرنا چاہیے

10. اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے بعد اپنے معاملے کا بھی اختیار نہیں ہے۔

11. منہ بولا بیٹا حقیقی بیٹا نہیں ہوتا

12. اللہ کے نبی ﷺ آخری نبی ہیں آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

13. آداب دربار رسالت کی تعلیم دی گئی

14. اللہ کے نبی ﷺ پر درود کثرت سے بھیجنا چاہیے

15. مومن کو نہیں ستانا چاہیے

16. سیدھی بات کہنی چاہیے

17. ناشکری نہیں کرنی چاہیے کہ اس سبب سے گذشتہ قومیں تباہ ہو گئیں۔

18. شیطان کے فریب سے بچنا چاہیے شیطان ہمارا دشمن ہے ہمیں اسے دشمن ہی سمجھنا چاہیے۔

19. گناہوں سے بچیں گے تو اپنے لیے ہی بچیں گے اور نیکیاں کریں گے تو اس کا فائدہ بھی ہمیں ہی ہو گا۔

20. کل قیامت میں کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔۔ خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آپ سے التماس ہے کہ میری اور میرے والدین کی مغفرت کی دعا ضرور کیجیے گا

نوٹ: خلاصہ تراویح کے حوالے سے آپ براہ راست واٹس اپ نمبر

پر رابطہ کر سکتے ہیں +923322463260

کیا آپ چاہتے ہیں آپ کے بچوں کی تربیت ہو؟۔۔۔ اگر ہاں! تو یہ کتابیں بچوں کی تربیت کے لیے بہترین کتابیں ہیں۔۔۔۔ روزہ کشائی میں بچوں کو یہ کتابیں دیجیے۔

اس رمضان ان کتب کو اپنے بچوں کو پڑھائیے۔۔۔ معتکفین میں تقسیم کیجیے۔

کتاب	جلدیں	قیمت	خصوصی رعائیت صرف رمضان تک
سنہری فہم القرآن	4	1700	**1500**
سنہری صحاح ستہ	6	2300	**2000**
سنہری سیرت النبی	4	1700	**1500**
یہ آفر صرف 30 رمضان تک کے لیے ہے گھر بیٹھے منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے: **03082462723**			

الحمدللہ! یہ کتب انڈیا سے بھی شائع ہو چکی ہیں انڈیا میں مقیم مسلمان ان کتب کو حاصل کرنا چاہیں تو درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

زبیر قادری: +919867934085 دہلی، بمبئی

عتیق الرحمن +919096957863 مالیگاؤں